© rasailojaraid.com



ہوتی ہے ۔ اور یہ زندگی تاریخ کا رخ موڑنے سے ہی بدلی جاتی ہے ۔ ہمارے ارباب فکر کو ان امور میں بھی ہماری رہنمائی کرلی چاہئے ۔ بے شک مثالیت پسندی بڑا نیک جذبہ ہے لیکن ٹھوس حقائق سے بھی آخر آنکھیں بند نہیں کی جا سکتیں ۔

---

تیسری کتاب " مسلمان ملکوں کی دولت مشترکہ کے مسائل " کے نام سے ہے ۔ اس میں چار حضرات کے مقالات ہیں ۔ اس زمانے میں جب کہ دنیا کے مختلف ملکوں کی بڑی بڑی وحدتیں بن رہی ہیں، اور بڑے وسیع و عریض اور طاقت ور ملک بھی عظیم تر بلاک بنانے پر مجبور ہیں ۔ مسلمان ملکوں کی دولت مشترکہ کی تشکیل کی دعوت وقت کی ضرورت بھی ہے ۔ عملاً ممکن بھی ہے، اور بے حد مفید بھی ہے ۔ مسلمان ملک آزادی حاصل کرنے کے بعد ایک دوسرے سے قریب تر ہو رہے ہیں ۔ ان کے ہاں بین الاسلامی تنظیمیں وجود میں آرہی ہیں ۔ اور مسلمان سیاسی رہنما اور ارباب اقتدار بھی اتحاد اسلامی کی ضرورت افادیت اور اس کی سیاسی اہمیت محسوس کرتے ہیں ۔ ان حالات میں اسلامی دولت مشترکہ کا قیام ایک سہانا خواب نہیں رہا ۔

●

علاوہ ازیں اسلامی دولت مشترکہ کے حق میں ایک یہ بات بھی ہے کہ اب دنیائے اسلام سے شخصی بادشاہت ختم ہورہی ہے، اور نئی قیادتیں عوام کی مرضی کو ملحوظ رکھنے پر مجبور ہیں، اور جیسے جیسے عوام میں بیداری پھیلے گی ۔ اور نئے سیاسی و معاشی حالات میں اس کا پھیلنا لازمی ہے، مسلمان ملکوں کی نئی قیادتیں اپنے عوام کی مرضی کا زیادہ خیال رکھنے پر مجبور ہوں گی ۔ اب واقعہ یہ ہے کہ خواہ کوئی بھی مسلمان ملک ہو، اس کے عوام میں سب سے محرک، فعال اور زبردست جذبہ ان کے مسلمان ہونے کا ہے، ظاہر ہے کہ اس جذبے کی بین الاسلامی سطح پر تسکین اسلامی دولت مشترکہ سے زیادہ کس چیز سے ہوگی ۔

---

آخری کتاب " مسلمان ملکوں کے معاشی وسائل " کے بارے میں ہے ۔ اس میں ان ملکوں کی زرعی پیداوار، مصنوعات اور معدنی پیداوار کے متعلق

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بیش قیمت معلومات فراہم کی گئی ہیں ، کتاب بے حد مفید ہے - اور ہر چیز کی پیداوار کو جدولوں کے ذریعہ نمایاں کرکے اسے اور بھی مفید بنا دیا گیا ہے -

ان چاروں کتابوں کی قیمتیں بالترتیب ٥ روپے - ٧ روپے ٥٠ پیسے - ٢ روپے ٥٠ پیسے - ٢ روپے ٥٠ پیسے ہیں -

موتمر عالم اسلامی نے یہ کتابیں شائع کرکے اسلام اور مسلمانوں کی بڑی خدمت کی ہے - ہم اس کے اس کارنامے پر اسے اور اس کے با ہمت و مستعد ارباب کار کو مبارک باد دیتے ہیں -

**خاتون پاکستان ( قرآن مجید نمبر )**

مجلہ '' خاتون پاکستان '' اپنے ضخیم نمبروں کی وجہ سے علمی و دینی حلقوں میں کافی شہرت حاصل کرچکا ہے - اس سے پہلے اس کا '' رسول نمبر '' اس موضوع پر بڑا اچھا مجموعہ تھا - زیر نظر نمبر میں قرآن مجید کے مختلف پہلوؤں پر مشہور علماء اور اہل قلم کے مضامین جمع کئے گئے ہیں - اس نمبر کی امتیازی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں تقریباً ہر خیال کے اہل علم نظر آتے ہیں اور اسے صرف کسی خاص نقطہ نظر تک محدود نہیں رکھا گیا -

رسالہ کافی ضخیم ہے اس کے بڑے سائز کے ٣٢٠ صفحات ہیں - طباعت کتابت اچھی ہے - قیمت ٥ روپے -

خط و کتابت کا پتہ : خاتون پاکستان - پوسٹ بکس نمبر ٧١٩٩
صدر - کراچی

قرآن مجید کے جملہ پہلوؤں سے متعلق تمام ضروری معلومات بہم کرنے کے لئے خاتون پاکستان کے اس شمارے کا مطالعہ بڑا مفید ہے ' امید ہے اس کے پہلے نمبروں کی طرح یہ بھی مقبول ہوگا -

محمد سرور

—: ٥ :—

© rasailojaraid.com